
# ہنگامی کرایے میں اعانت کی گرانٹس
# (ون شاٹ ڈیلز)



## ون شاٹ ڈیل کیا ہے؟

کم آمدنی والے نیو یارک کے باشندوں کی فوری ضرورت پوری کرنے کے لیے ہنگامی اعانت کی ایک درخواست۔ یہ اعانت کئی ایک صورتحال کی تلافی کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ ون شاٹ ڈیل کا ایک سب سے عمومی استعمال بے دخلی کو روکنے یا اس کا قیاس لگانے کے لیے کرایے میں اعانت کرنا ہے۔

## کرایہ یا رہن سے متعلق ون شاٹ ڈیل کے لیے درخواست دینے کے لیے مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- اگر کوئی عدالتی کارروائی ہوئی ہے تو کسی قول و قرار یا عدالتی احکامات کی نقول
  ** HRA اس بات کا طالب نہیں ہے کہ ہاؤسنگ کورٹ میں آپ کا کوئی کیس ہو۔*
- آپ کو نقد اعانت (Cash Assistance) کے لیے ایک درخواست جمع کرا کر یہ بتانا ضروری ہے کہ یہ صرف ہنگامی اعانت کے لیے ہے۔ (**درخواست کیسے دیں** والا سیکشن ذیل میں دیکھیں)
  **ون شاٹ ڈیل پانے کے لیے آپ کو عوامی اعانت کا وصول کنندہ ہونا ضروری نہیں ہے۔*
- کرایے کی ڈیمانڈ، بل، یا مکان مالک کی جانب سے خط جو ماہانہ کرایے کا انقطاع یا باقی کرایہ دکھاتا ہو
- گھرانے کے تمام ممبران کے لیے موجودہ آمدنی کی دستاویزی شہادت
- سند ولادت یا سوشل سیکیورٹی کارڈ اور باتصویر آئی ڈی گھرانے کے تمام بالغ افراد کے لیے (وفاقی/ ریاستی قانون کے تحت مطلوب ہے)
- اگر لازمی ہو تو کرایے میں مدد کے لیے فریق ثالث کے پیمان عہد کی دستاویزی شہادت
  **فیملی ممبر یا دوست آپ کی مدد کرنے پر متفق ہو سکتا ہے۔ انہیں اس وعدے پر دستخط کرنا ہوگا۔*
- لیز (درخواست دہندہ کے نام سے)
- کو آپس، کونڈوز، رہن اور جائیداد ٹیکس اہل ہیں (اہلیت کی شرط کے بطور قابل اطلاق جائیداد پر حق دعوی مطلوب ہے)

## وہ کون سی کچھ چیزیں ہیں جنہیں درخواست کا جائزہ لیتے وقت زیر غور رکھا جاتا ہے؟

- اعانت کی ضرورت اور متعلقہ دستاویزی شہادت (یعنی COVID-19 کے سبب نوکری سے محرومی)
- بقایا جات سے بچنے کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لانا
- ہاؤسنگ کا سستا ہونا
- کسی خصوصی خطرے والے عوامل جیسے معذوری پر غور و خوض
- مسلسل چڑھنے والا کرایہ ادا کرنے کے لیے قابل زیست مستقبل کا منصوبہ

## منظوری ملنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

کیس کے فوری طلب ہونے کی بنیاد پر، تمام دستاویزات جمع ہونے کے بعد فیصلہ موصول ہونے میں 45-30 دن لگ سکتے ہیں؛ لیکن عدالت کے قول و قرار/آرڈر میں بیان کردہ ادائیگی کی تاریخ سے قبل تعین کیا جائے گا۔ اگر آپ کو 45-30 دنوں کے بعد یا ادائیگی کی تاریخ سے قبل آپ کو فیصلہ موصول نہیں ہوتا ہے تو آپ کیس کی حالت کو ACCESS HRA پر چیک کر سکتے ہیں یا معلومات کے لیے HRA انفولائن کو **718-557-1399** پر کال کر سکتے ہیں۔

## گرانٹ کس طرح جاری ہوتی ہے؟

جہاں قابل اطلاق ہو وہاں چیکس براہ راست مکان مالک کو یا ہاؤسنگ کورٹ کو جاری کیے جاتے ہیں۔

NYC
Department of
Social Services

## کیا مجھے واپس ادائیگی کرنی ہوگی؟

ریاستی قانون کے تحت، بیشتر لوگوں کو کم از کم کچھ رقم HRA کو واپس ادا کرنی ہوگی، ویسے SSI موصول کرنے والے کلائنٹس سے ہنگامی گرانٹس واپس ادا کرنے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے اور مخصوص قسم کے بقایا جات کی واپسی ادائیگی نہیں کرنی ہوتی ہے۔

درخواست کی کارروائی کے حصے کے طور پر، اگر کرایہ کے بقایا جات کی نشاندہی ہو جاتی ہے تو، کلائنٹس سے ACCESS HRA میں درخواست کے وقت ریاست کو مطلوب واپسی ادائیگی کے معاہدے پر دستخط کرنے کو کہا جاتا ہے۔ تعین کے نوٹس سے آپ کو اطلاع ملے گی کہ آیا آپ کو ریاستی قانون کے تحت گرانٹ واپس ادا کرنا ضروری ہے یا نہیں۔

## اگر مجھے ماضی میں ون شاٹ ڈیل موصول ہوا ہے تو کیا ہوگا؟

آپ ون شاٹ ڈیل کے لیے درخواست دے سکتے ہیں چاہے آپ کو ماضی میں یہ موصول ہوئی ہو۔ اگر آپ کو ایسی ون شاٹ ڈیل موصول ہوئی تھی جو آپ نے واپس ادا نہیں کی تو، آپ کو دوسری حاصل کرنے میں پریشانی ہو سکتی ہے۔ اگر آپ نے ادائیگیاں کیں تو آپ کے پاس بہتر موقع ہوگا۔ آپ کو پیچھے رہ جانے کی وجوہات HRA کو دکھانی ہوں گی۔

### مزید معلومات کے لیے

| HRA InfoLine | ہاؤسنگ کورٹ کے جوابات |
|---|---|
| 718-557-1399 | www.housingcourtanswers.org |

## ACCESS HRA استعمال کر کے کس طرح درخواست دی جائے

آپ ACCESS HRA پر نقد اعانت کی درخواست والے پورٹل کی معرفت ون شاٹ ڈیل کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ہم آن لائن درخواست کی کارروائی کے دوران سوالات ضرور پوچھتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہنگامی گرانٹ آپ کی مالی سیکیورٹی یقینی بنانے کے لیے درکار نہیں ہے۔ لہذا، ACCESS HRA کی نقد اعانت کی ہر درخواست ایک سلسلہ وار ہنگامی اشارہ والے سوالات سے شروع ہوتی ہے۔

**یک وقتی ہنگامی گرانٹ (ون شاٹ ڈیل) کے لیے درخواست دینے کے لیے، آپ کو درج ذیل اقدامات کرنے ہوں گے:**

1. **ACCESS HRA** ملاحظہ کر کے **log-in لاگ** ان کریں
2. ہوم پیج میں مینو کے اختیارات سے **'Benefits'** (مراعات) کا لنک منتخب کریں
3. **'Start a New Application'** (درخواست منتخب کریں) (نئی درخواست شروع کریں) کو منتخب کریں
4. **'Select Application'** کے صفحہ میں **'Cash Assistance'** کا اختیار منتخب کریں
5. کوئی قابل اطلاق ہنگامی اشاریہ شناخت کریں اور **'Next'** (اگلا) پر کلک کریں
6. آپ جس قسم کی مراعات کے لیے درخواست دینا چاہیں گے انہیں منتخب کریں۔ اس میں تین اختیارات ہیں: نقد اعانت، ون شاٹ ڈیل، یا نگہداشت طفل بلا نقد اعانت (Child Care without Cash Assistance, CILOCA)
7. درخواست مکمل کریں اور جمع کرائیں
8. ACCESS HRA کے تصدیقی صفحہ پر درج ہدایات پر عمل کریں اور ACCESS HRA موبائل ایپ استعمال کرکے مطلوبہ دستاویزات جمع کرائیں

**نقد اعانت کے فعال کیس والے کلائنٹس ACCESS HRA کی معرفت کرایہ کے بقایا جات کیلئے خصوص گرانٹ کی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ نقد اعانت کی خصوصی گرانٹ کی درخواست جمع کرانے کے لیے، کلائنٹس کو درج ذیل کام کرنے ہوں گے:**

1. **ACCESS HRA** ملاحظہ کر کے **log-in لاگ** ان کریں
2. **'Find My Case'** (میرا کیس تلاش کریں) کے لیے شناختی معلومات درج کریں اور اپنے HRA کے کیس سے لنک کریں
3. ACCESS HRA کے صارف کے ہوم پیج میں **'View Case'** (کیس دیکھیں) کو منتخب کریں
4. **'Request Special Grant'** (خصوصی گرانٹ کی درخواست کریں) کو منتخب کریں، جو بائیں طرف واقع ہے۔
5. آپ جس خصوصی گرانٹ کی درخواست کر رہے ہیں اس کو شناخت کریں، درخواست مکمل کریں اور جمع کرائیں۔
6. تصدیق میں درج ہدایات پر عمل کریں اور ACCESS HRA موبائل ایپ استعمال کر کے مطلوبہ دستاویزات جمع کرائیں